# ننھا مسلمان

یہ اسلام اور اخلاقیات کے
بنیادی اصولوں پر مشتمل ایک
متن ہے، جسے مسلم بچوں کے
لئے تیار کیا گیا ہے

تیارکردہ : جزائری دکاترہ کی ایک ٹیم
پیشکش : ألعب وأتعلم نامی ویب سائٹ

www.alsarhaan.com

بسم الله الرحمن الرحيم


# پہلی قسم

# میرا ایمان

## میں مسلمان ہوں
## اللہ میرا رب ہے
## اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے نبی ہیں
## اور اسلام میرا دین ہے

**میں اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہوں :**
**کیوں کہ وہ سارے جہاں کا پالنہار ہے، رحمن و رحیم ہے،**
**قیامت کے دن کا مالک ہے**
**اور اس لئے بھی کہ اس نے مجھے پیدا کیا، مجھے روزی**
**دی اور مجھے مسلمان بنایا**

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :



شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور رحم کرنے والا ہے (1) سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو سارے جہان کی پرورش کرنے والا ہے (2) نہایت مہربان و رحم کرنے والا ہے (3) روزِ جزا کا مالک ہے (4) (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں (5) ہمیں سیدھا راستہ دکھا (6) ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ان لوگوں کا نہیں جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ (ہی) گمراہوں کا (7)

سورہ فاتحہ

## اور میں نبی ﷺ سے محبت کرتا ہوں :

کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمارے لئے دنیا میں مبعوث کیا، چنانچہ آپ نے ہمیں اللہ کی ذات سے روشناس کرایا اور ہمیں قرآن کی تعلیم دی
اور اس لئے کہ آپ نرم دل اور رحم کرنے والے ہیں، بڑے اخلاق والے ہیں، اور اچھے صفات کے حامل ہیں

اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے متعلق فرمایا:

« اور یقیناً آپ عمدہ اخلاق کے مالک ہیں »

سورہ قلم : 4

اور دوسری جگہ فرمایا:

ایمان والوں کے ساتھ بڑے ہی شفیق اور مہربان ہیں

سورہ توبہ : 128

### اللہ کا فرمان ہے :

یقیناً ہم نے آپ کو حوضِ کوثر عطا کیا ہے (1) پس آپ اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی کریں (2) بے شک آپ کا دشمن لاوارث و بے نام و نشان ہے (3)

سورہ کوثر

اور میں اپنے دین (اسلام) سے محبت
کرتا ہوں :

کیوں کہ یہی وہ دین برحق ہے جسے اللہ نے ہمارے لئے پسند کیا، جسے ہمارے نبی ﷺ لے کر دنیا میں آئے تھے
اور اس لئے کہ جس نے اس دین کو تھامے رکھا وہ جنت میں داخل ہوگا، جس نے اسے چھوڑ دیا وہ جہنم میں جائے گا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

زمانے کی قسم (1) یقیناً انسان سراسر خسارے میں ہے (2) سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے اور (جنہوں نے) آپس میں حق کی وصیت اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کی (3)

سورہ عصر

## اسلام کے پانچ ارکان ہیں :

١ - گواہی دینا کہ اللہ
کے علاوہ کوئی معبود
برحق نہیں اور محمد
صلی اللہ علیہ وسلم
اللہ کے رسول ہیں
٢- نماز قائم کرنا
٣- زکاۃ دینا
٤- ماہ رمضان کے
روزے رکھنا
٥- اللہ کے گھر یعنی
خانہ کعبہ کی زیارت
کرنا

## ایمان کے چھ ارکان ہیں :

١- اللہ پر ایمان لانا
٢- فرشتوں پر ایمان لانا
٣- آسمانی کتابوں پر
ایمان لانا
٤- نبیوں و رسولوں پر
ایمان لانا
٥- یوم آخرت یعنی
قیامت کے دن پر ایمان
لانا
٦- تقدیر کے خیر و شر پر
ایمان لانا

**میں ہر اس چیز کو پسند کرتا ہوں جو**
**اللہ اور اس کے رسول کو پسند ہے**
**اور میں ہر چیز ناپسند کرتا ہوں جو اللہ**
**اور اس کے رسول کو ناپسند ہے**

Canva

## دوسری قسم

# میری نماز



اللہ وحدہ لا شریک نے ہمیں
اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا
ہے، چنانچہ ہم اس کے
علاوہ کسی غیر کی عبادت
نہیں کرتے، اور کے سوا
کسی کو نہیں پکارتے

**سب سے عظیم عبادت : نماز ہے**



## نمازیں پانچ ہیں :

فجر : اسے میں دو رکعت پڑھتا ہوں

ظہر : اسے چار رکعت پڑھتا ہوں

عصر : اسے چار رکعت پڑھتا ہوں

مغرب : اسے تین رکعت پڑھتا ہوں

عشاء : اسے چار رکعت پڑھتا ہوں



میں نمازیں وقت پر پڑھتا ہوں اور
خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھتا ہوں



میں نماز ادا کرنے سے پہلے وضو کرتا ہوں،
بغیر وضو کے کبھی نماز نہیں پڑھتا



# تیسری قسم

## میرا اخلاق

اللہ اچھے اخلاق کو پسند کرتا ہے، اور برے اخلاق کو ناپسند کرتا ہے
اور نبی ﷺ نیک خصلتوں اور مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے آئے تھے

لہذا مجھ پر ضروری ہے کہ خود اچھے اخلاق کا حامل ہو جاؤں:
جیسے کہ صداقت و سچائی، وفاداری، امانت داری، بہادری، فیاضی، اچھی گفتگو، استاد کا احترام، بڑوں کی تعظیم

اور برے طور طریقوں سے دور رہوں :
جیسے کہ جھوٹ، خیانت، کمزوری، کنجوسی، گندی بات، عدم احترام

**آپ ﷺ نے فرمایا :**
قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہی ہوگا جو دنیا میں اخلاق کے اعتبار سے سب سے بہتر تھا



# خاتمہ



علم روشنی ہے، جب کہ جہالت تاریکی ہے
لہذا میں حصول علم کیلئے خوب محنت
کرتا ہوں، اور اسے حاصل کرنے کی پوری
کوشش کرتا ہوں، تاکہ میرا رب مجھ سے
راضی ہو اور مجھے جنت میں داخل کرے
اذکار و دعائیں مسلمان کے لئے قلعہ کی
مانند ہیں :
لہذا میں صبح و شام کے اذکار کا اہتمام
کرتا ہوں، جس میں : آیت کرسی، سورہ
اخلاص اور معوذتین کا پڑھنا شامل ہے
دعا کامیابی و کامرانی کی کنجی ہے
لہذا میں اللہ سے ہر وقت دعا کرتا ہوں؛
جیسے کہ سجدے کی حالت میں، اذان کے
بعد، رات میں





# بعض دعائیں

اے اللہ! مجھے ہدایت دے، مجھے
استقامت کی توفیق دے
اے اللہ! میرے علم میں اضافہ فرما
اے اللہ! میری اور میرے والدین کی
مغفرت، اور ان دونوں پر رحم فرما
اے اللہ، مجھے دنیا میں (بھی) بھلائی
عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی
سے نواز اور دوزخ کے عذاب سے
محفوظ رکھ

**ختم شد**